DAILY 42
ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-[illegible] FAX: 042-[illegible]

جمعرات 27 نومبر 2025ء

# محکمہ سوشل ویلفیئر کو دھی رانی پروگرام فیز ٹو کیلئے 85 کروڑ درکار

## فیز ٹو میں دو ہزار سے زائد اجتماعی شادیاں کرائی جائیں گی، سیکرٹری جاوید اختر

لوئر مال (قیصر کھوکھر) محکمہ سوشل ویلفیئر نے دھی رانی پروگرام فیز ٹو شروع کرنے کا اعلان۔ پروگرام کے فیز ٹو کیلئے 85 کروڑ روپے مانگ لئے گئے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر نے دھی رانی پروگرام کا فیز ون مکمل کرلیا۔ دھی رانی پروگرام کے فیز ون میں 1934 اجتماعی شادیاں کرائی گئی ہیں۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود کا کہنا ہے کہ اگلے دس روز میں دھی رانی پروگرام کا فیز ٹو شروع کر دیا جائے گا۔ فیز ٹو میں دو ہزار سے زائد اجتماعی شادیاں کرائی جائیں گی۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر کا مزید کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ نے مستحق بچیوں کی شادیوں کیلئے پروگرام شروع کیا، جس کی صوبے بھر میں پذیرائی ہوئی۔

27/11/25
C.O
AD (Pub)
27/11/25
DD (PAPR)
27/11/25
Dir (Prg)

27/11/25

C.O

ADC (Pub)

27/11/25

DD (P+PR)

27/11/25.

DIR (Prog.)


786
92

The Daily
92 News

روزنامہ 92 نیوز

بانی: میاں محمد رشید

ایڈیٹر انچیف: میاں حسن احمد

لاہور

قیمت 30 روپے

صفحات 8

جلد 10 | جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ 27 نومبر 2025ء 14 مگھر 2081ب | شمارہ 302


# پولیس کا آپریشن، پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد کا دھرنا ختم

## مظاہرین کو حراست میں لے لیا گیا، مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال

لاہور (کرائم رپورٹر، این این آئی) پولیس نے آپریشن کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی کے سامنے سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کروا دیا ہے۔ گزشتہ روز پولیس نے مذکورہ کارروائی کر کے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کر دی گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پندرہ روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جبکہ (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

بقیہ | نابینا افراد کا دھرنا ختم | 13

دھرنے سے مال روڈ پر ٹریفک بری طرح متاثر تھی۔ حکام کے مطابق پولیس نے بدھ کی صبح آپریشن کرتے ہوئے نابینا افراد کو حراست میں لے لیا، دھرنا ختم ہونے کے بعد چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کر دی گئی ہے تاہم پولیس کی نفری بڑی تعداد میں مال روڈ پر موجود رہی۔

27/11/25
C.O
AD (Pub)
27/11/25
DD (P&PR)
27/11/25
Dir (Reg.)

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk
ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود
روزنامہ دنیا لاہور
جلد نمبر 36 | جمعرات، 5 جمادی الثانی 1447، 27 نومبر 2025ء، 14 مگھر 2082ب | شمارہ 29
رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 042-111-138-692 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 12 قیمت 35 روپے

# نابینا افراد زیر حراست، پولیس نے مال روڈ پر دھرنا ختم کرا دیا

## چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کر دی گئی، 15 روز بعد مال روڈ کی ٹریفک بحال

## ہائیکورٹ میں نابینا افراد کی توہین عدالت درخواست پر سماعت 2 دسمبر تک ملتوی

لاہور (کرائم رپورٹر، کورٹ رپورٹر) پنجاب پولیس نے پنجاب اسمبلی کے سامنے مال روڈ پر آپریشن کر کے نابینا افراد کا دھرنا ختم کروا دیا اور شرکا کو حراست میں لے لیا جبکہ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 2 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ پولیس نے پنجاب اسمبلی کے سامنے مال روڈ پر 15 روز سے جاری نابینا افراد کا دھرنا ختم کرا دیا اور مظاہرین کو حراست میں لے لیا، دھرنا ختم ہونے کے بعد مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال (صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

بقیہ نمبر 29 دھرنا ختم

ہو گئی جبکہ چیئرنگ کراس چوک کی صفائی بھی کر دی گئی ہے، پولیس نفری تا حال مال روڈ پر موجود ہے۔ دوسری طرف لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی، ایڈووکیٹ اشتیاق چودھری نے موقف اپنایا کہ پولیس نے مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا اور انہیں حراست میں لیا ہے، عدالت نے سماعت 2 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

CS CamScanner

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 35 | جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ 27 نومبر 2025ء 14 مگھر 2082 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 125


27/11/25

CO

AD (Pub)

27/11/25

DD (P&PR)

27/11/25.

Dir (Prog.)

# نابینا افراد کے دھرنا پر پولیس دھاوا، تمام مظاہرین گرفتار

15 روز بعد مال روڈ پر ٹریفک بحال

## ہائیکورٹ کا نابینا افراد کو ملازمت سے نکالنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے بدھ کی صبح سویرے آپریشن کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی کے سامنے سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کروا دیا۔ ذرائع

باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30

### بقیہ نمبر 30 // لاہور پولیس

کے مطابق پولیس نے کارروائی کر کے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کر دی گئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ چند روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جس کی وجہ سے مال روڈ پر ٹریفک بری طرح متاثر تھی۔ حکام کے مطابق پولیس نے آج صبح آپریشن کرتے ہوئے نابینا افراد کو حراست میں لے لیا، دھرنا ختم ہونے کے بعد چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کر دی گئی ہے تاہم پولیس کی نفری بڑی تعداد میں تاحال مال روڈ پر موجود ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ بعد ازاں عدالت نے توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست پر مزید سماعت 2 دسمبر تک کیلئے ملتوی کر دی۔

CamScanner

www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER APNS, CPNE

روزنامہ
ایڈیٹرانچیف اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور

جلد 14 | جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ، 27 نومبر 2025ء، 14 مگھر 2079ب | شمارہ 67 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے


# پولیس نے پنجاب اسمبلی کے سامنے دھرنا ختم کرا دیا، نابینا افراد گرفتار

لاہور ہائیکورٹ نے توہین عدالت کا نوٹس جاری کردیا

## نابینا افراد نے نوکریوں سے نکالنے پر 15 روز سے دھرنا دے رکھا تھا، مال روڈ پر ٹریفک بحال، چیئرنگ کراس چوک کی صفائی

## پولیس نے رات گئے تشدد کر کے دھرنا ختم کرایا، وکیل کے عدالت عالیہ میں دلائل، مزید سماعت 2 دسمبر تک کیلئے ملتوی

لاہور (کرائم رپورٹر، کورٹ رپورٹر) پنجاب اسمبلی کے سامنے کئی روز سے جاری سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کرادیا اور پولیس نے مظاہرین کو حراست میں لے لیا۔ دھرنا ختم ہونے کے بعد مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال ہوگئی۔ تفصیل کے مطابق پنجاب اسمبلی کے سامنے پندرہ روز سے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جس کے باعث ٹریفک بری طرح متاثر تھی، پولیس نے گزشتہ روز آپریشن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

بقیہ | دھرنا ختم | 7

کرتے ہوئے نابینا افراد کو حراست میں لے لیا۔ دھرنا ختم ہونے کے بعد چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کر دی گئی، پولیس نفری تاحال مال روڈ پر موجود ہے۔ دریں اثنا لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ اشتیاق چودھری نے عدالت کو بتایا کہ پولیس نے گزشتہ رات مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا اور دھرنا ختم کروادیا، نابینا افراد نے نوکریوں سے نکالنے پر مال روڈ پر 15 روز سے دھرنا دے رکھا تھا۔ بعدازاں عدالت نے توہین عدالت کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست پر مزید سماعت 2 دسمبر تک کیلئے ملتوی کردی۔

27/11/25
C.O
ADCP(DI)
27/11/25
DDCP(PR)
27/11/25
DIR (Prog.)


چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چوہدری
DAILY 42
ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر: 14 | جمعرات 27 نومبر 2025ء، 5 جمادی الثانی 1447ھ، 14 مگھر 2082، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 58


# پولیس کا ایکشن مال روڈ کلیئر، نابینا افراد نامعلوم مقام پر منتقل

## پولیس نے نابینا افراد کا دھرنا 17 روز بعد ختم کرادیا، چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کر دی گئی، پولیس کی نفری مال روڈ پر موجود

## نابینا افراد کو ملازمت سے برطرف کرنے پر توہین عدالت کی درخواست پر ہائیکورٹ نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر سے جواب طلب کرلیا

مال روڈ (فاران یامین، ملک اشرف) نابینا افراد کا دھرنا 17 روز بعد ختم کرادیا گیا، پولیس نے آپریشن کرتے ہوئے تمام نابینا افراد کو حراست میں لیکر نامعلوم مقام پر منتقل کردیا۔ پولیس نے نابینا افراد کا سامان قبضے میں لیکر مال روڈ کو ٹریفک کیلئے بحال کردیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ 10)

بقیہ 10

### پولیس کا ایکشن

پندرہ روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جبکہ دھرنے سے مال روڈ پر ٹریفک بری طرح متاثر تھی۔ حکام کے مطابق پولیس نے بدھ کی صبح آپریشن کرتے ہوئے نابینا افراد کو حراست میں لے لیا، دھرنا ختم ہونے کے بعد چیئرنگ کراس چوک کی صفائی کردی گئی ہے تاہم پولیس کی نفری بڑی تعداد میں مال روڈ پر موجود رہی۔ دوسری جانب نابینا افراد کو ملازمت پر ریگولر نہ کرنے اور مال روڈ پر احتجاج کرنے کے معاملے پر لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو ملازمت سے برطرف کرنے پر توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید اختر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے سائلہ سمیرا یاسمین سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار وکیل نے موقف اختیار کیا کہ درخواست گزاروں کو ملازمت پر ریگولر نہیں کیا گیا، متعلقہ افسروں سے دادرسی نہ ہونے پر ہائیکورٹ سے رجوع کیا، عدالت نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر کو درخواست گزاروں کی ملازمت بارے قانون کے مطابق فیصلے کا حکم دیا، عدالت کے حکم پر تاحال عملدرآمد نہیں کیا جارہا، درخواست گزاروں کے وکیل نے استدعا کی کہ حکم عدولی پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال جاوید محمود کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے، وکیل درخواست گزار کا کہنا تھا کہ پولیس نے مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا، نابینا افراد نے مال روڈ پر پندرہ روز سے دھرنا دے رکھا ہے۔

CamScanner

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

# مشرق

چیف ایڈیٹر عبدُالباقی کاکڑ

جلد: 15 | جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ 27 نومبر 2025ء 14 مگھر 2082ب صفحات: 10 قیمت: 30 روپے | شمارہ: 247

## پولیس کا آپریشن، مال روڈ پر نابینا افراد کا دھرنا ختم کرا دیا

**مظاہرین کو حراست میں لے لیا، مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال**

**پندرہ روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے سڑک پر دھرنا دیا ہوا تھا**

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس نے صبح سویرے آپریشن کرتے ہوئے پنجاب اسمبلی کے سامنے سے نابینا افراد کا دھرنا ختم کروا دیا۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے کارروائی کر کے مظاہرین کو حراست میں لے لیا اور مال روڈ پر ٹریفک معمول کے مطابق بحال کر دی گئی ہے۔ پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

بقیہ | مشرق | 9

کے مطابق پندرہ روز سے پنجاب اسمبلی کے سامنے نابینا افراد نے مال روڈ پر دھرنا دیا ہوا تھا جبکہ دھرنے سے مال روڈ پر ٹریفک بری طرح متاثر تھی۔

27/11/25
C.O
AD (Pub)
27/11/25
DD (P&PR)
27/11/25
DIR (Prog.)

Handwritten notes: 27/11/25 · C.O · AD (Pub) · 27/11/25 · DD (P&PR) · 27/11/25 · Dir (Reg)


روزنامہ پاکستان لاہور

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

THE DAILY PAKISTAN LAHORE

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

رجسٹرڈ

جلد 36 | جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ، 27 نومبر 2025ء، 14 مگھر 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 257


# نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہ کرنے پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر کو نوٹس

## متعلقہ افسروں سے دادرسی نہ ہونے پر لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا، وکیل کا موقف

## لاہور ہائیکورٹ نے توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس جاری کر کے جواب مانگ لیا

لاہور (نامہ نگار خصوصی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالت کی درخواست پر نوٹس جاری کر کے جواب نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہ کیخلاف توہین مانگ لیا ہے. لاہور

(بقیہ نمبر10 صفحہ5 پر)

## بقیہ 10 سیکرٹری سوشل ویلفیئر

ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے سائلہ سمیرہ یاسمین سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی جس میں عدالتی احکامات پر کارروائی نہ کرنے کی نشاندہی کی گئی. عدالت نے نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہ کرنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر کو نوٹس جاری کیے اور جواب داخل کرانے کی ہدایت کی. درخواست گزاروں کے وکیل اشتیاق چودھری نے نشاندہی کی کہ نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہیں کیا گیا. اس مقصد کیلئے متعلقہ افسروں سے دادرسی نہ ہونے پر لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا. وکیل نے بتایا کہ عدالت ...نے سیکرٹری سوشل ویلفیئر کو درخواست گزاروں کی ملازمت بارے قانون کے مطابق فیصلے کا حکم دیا لیکن عدالت کے حکم پر ابھی عمل درآمد نہیں کیا جا رہا. وکیل نے استدعا کی کہ حکم عدولی پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے.

CamScanner

روزنامہ
ایکسپریس
لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 267 | جمعرات، 5 جمادی الثانی، 27 نومبر 2025ء، 13 مگھر، صفحات 10 قیمت 40 روپے

## نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس جاری

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے نابینا افراد کو نوکریوں سے نکالنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت 2 دسمبر تک ملتوی کردی ، ایڈووکیٹ اشتیاق چوہدری نے موقف اپنایا کہ پولیس نے گذشتہ رات مال روڈ پر نابینا افراد پر تشدد کیا، نابینا افراد نے مال روڈ پر پندرہ روز سے دھرنا دے رکھا ہے۔

27/11/25
C.O
AD(Pub)
27/11/25
DDC(P/PR)
27/11/25
Dir(Prog)

The Daily 92 News
786 92
روزنامہ 92 نیوز
جمعرات 5 جمادی الثانی 1447ھ 27 نومبر 2025ء


## نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر نوٹس

لاہور (نامہ نگار خصوصی) لاہور ہائیکورٹ نے نابینا افراد کو ملازمت پر مستقل نہ کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

بقیہ نابینا افراد 30

نوٹس جاری کر کے جواب مانگ لیا، جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے سمیرہ یاسمین سمیت دیگر کی درخواست پر سماعت کی جس میں عدالتی احکامات پر کارروائی نہ کرنے کی نشاندہی کی گئی۔

27/11/25

C.O

AD (Pub)

27/11/25

DD (P&PR)

27/11/25

DIR (Reg.)

CamScanner